بھوت طوطا اور شہزادہ

ہے تو مشکل ہی مگر کیوں نہ سناتا جاؤں
آیئے آپ کو اِک بات بتاتا جاؤں

جب کسی ملک میں بے فیض حکومت آئے
وسط کے لوگ بھی افلاس میں ڈھل جاتے ہیں

ایسے ماحول میں تعلیم بھی گھُٹ جاتی ہے
گاؤں اور شہر جہالت میں پھسل جاتے ہیں

عام سے لوگ تو رہ جاتے ہیں پِس کر لیکن
جو ذرا خاص ہوں باہر کو نکل جاتے ہے

ہر برائی ہی جہالت کا عصا لیتی ہے
گویا اِس حال میں تحسینِ بقا لیتی ہے

اور پھر خوف ہر اک دل میں پنپ لیتا ہے
ایسے ماحول میں اِک بھُوت جنم لیتا ہے

Faqeer Sein

ایسا اِک بھُوت جو ہر چیز کو کھا سکتا ہے
شہر در شہر کو مٹی میں ملا سکتا ہے

گویا اِک بات ہے بچوں کی کہانی والی
چرخۂ چاند گھماتی ہوئی نانی والی

جس میں اِک خوف کا پہرہ ہے کسی وادی پر
کیونکہ اِک بھُوت نے قبضہ کیا شہزادی پر

اور شہزادہ چھڑانے میں لگا رہتا ہے
اپنے محبُوب کو پانے میں لگا رہتا ہے

کوئی کہتا ہے کہیں دُور ہے طوطا کوئی
اور اِس بھُوت کی چابی ہے اُسی میں کھوئی

اُس کو مارو گے تو یہ بھُوت بھی مر جائے گا
سانس رُک جائے گی اور جاں سے گزر جائے گا

پھر وہ شہزادہ اِسی دھُن میں روانہ اک دن
ڈھونڈ لیتا ہے وہ طوطے کا ٹھکانہ اک دن

Faqeer Sein

بڑھ کے طوطے کو وہ گردن سے پکڑ لیتا ہے
اپنے ہاتھوں کے شکنجے میں جکڑ لیتا ہے

اُس طرف ایک پرندہ ہے جو مر جاتا ہے
اِس طرف بھُوت جو ہے جاں سے گزر جاتا ہے

یوں وہ شہزادہ محبت کو بچا لیتا ہے
شہر کو خوف کے پہرے سے چھڑا لیتا ہے

اے مِرے دیس کے مظلوم بچارے لوگو
دہشت و رشوت و افلاس کے مارے لوگو

معجزہ ہے تو اسے کرکے دکھانا ہوگا
خود کو اقوام کی ترتیب میں لانا ہوگا

ہے تو مشکل ہی مگر فرض نبھانا ہوگا
یعنی اس طوطائے رشوت کو مٹانا ہوگا

ورنہ جو بھُوت ہے دہشت کا وہ پل جائے گا
ملک کیا چیز ہے خطے کو نگل جائے گا

Faqeer Sein

حرفِ پیچیدہ کو آسان بناتا جاؤں
یعنی اس راز سے پردے کو ہٹاتا جاؤں

ہم میں ہر ایک ہی یہ بھوت ہے اور طوطا بھی
سب ہیں مظلوم مگر داخلِ سمجھوتہ بھی

اس فسانے میں جو شہزادی ہے خوشحالی ہے
وہ ابھی قید ہے گویا کہ زبُوں حالی ہے

اور جس روز بھی رشوت کا مداوا ہو گا
دستِ دہشت بھی نگُوں اِس کے علاوہ ہو گا

ایک سائیں ہُوں جو دِکھتا ہے لکھے جاتا ہُوں
آپ سے ایک گزارش ہے کیے جاتا ہُوں

جتنا ممکن ہو اجالے یا کنارے بنیے
بے دھیانی میں نہ رشوت کے سہارے بنیے

یوں نہ اِس لشکرِ ظلمت کے پیادے بنیے
اِس کہانی میں فقط شاہ کے زادے بنیے

Faqeer Sein